# نیلام عام

ہر خاص وعام کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ لاہور اپنی دکان واقع باغ علی روڈ فرسٹ فلور پیمائش (20x10) کا پیشگی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر مورخہ 18/05/2022 بوقت 11 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ لاہور میں منعقد کر رہا ہے۔

## شرائط وضوابط

۱۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات کو مبلغ ایک لاکھ روپے دکان بطور زر ضمانت بشکل کال ڈپازٹ قبل از بولی موقع پر جمع کرانا ہوں گے۔ جو کہ بعد کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ تمام حضرات کو واپس کر دیا جائے گا۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ کو چھ ماہ کا کرایہ بطور سیکورٹی جمع کرانا ہوگا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر چھ ماہ کا پیشگی کرایہ موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ واضح رہے کہ موقع پر مذکورہ کرایہ کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زر ضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ لاہور ضبط کر لیا جائے گا۔ اور دوسرے نمبر پر زیادہ بولی دہندہ کو کامیاب بولی کا کرایہ جمع کروانے کا کہا جائے گا اگر وہ بھی کرایہ جمع کرانے مین ناکام رہا تو اس کا بھی زر ضمانت ضبط کر لیا جائے گا اور دیگر کم بولی دہندگان کا زر ضمانت واپس کر دیا جائے گا۔

۴۔ بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل ہوگی۔

۵۔ کرایہ داری کے حقوق عرصہ تین سال کے لے ہونگے۔ اس مدت کے اختتام پر دکان کا قبضہ کنٹونمنٹ بورڈ کے حوالے کرے گا اور ماہانہ کرایہ میں سالانہ 10% یا بورڈ کے فیصلے کے تحت اضافہ ہوگا۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ/ کرایہ دار کسی بھی دوسرے شخص کو دکان Sublet نہ کر سکے گا۔

۷۔ نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دفتر ہذا میں بولی شروع ہونے سے قبل جمع کرائیں گے۔

۸۔ بولی کی حتمی منظوری بورڈ/ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر پیپرا رولز 2004 کی سق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز رہے۔ نیز نوٹس نیلام عام PPRA Website ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

۹۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کے لیے متعلقہ شخص کی طرف سے مختار نامہ اور کمپیوٹرائز کارڈ کی کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

۱۰۔ کنٹونمنٹ بورڈ پراپرٹی رولز 1957ء کے تحت تمام کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ نیز پیپرا کے قوانین لاگو ہونگے۔

۱۱۔ کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس دینے کا پابند ہوگا۔ دیگر شرائط کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس کی ٹیکس برانچ سے دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہیں۔

۱۲۔ کامیاب بولی دہندہ کو کینٹ بورڈ کے مروجہ قوانین کے مطابق دکان ھذا کو کسی دوسرے شخص کے نام منتقل کرنے کا اختیار حاصل نہ ہوگا۔

نوٹ: مذکورہ بالا تاریخ کو بولی نہ ہونے/ مسترد ہونے یا خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں دوبارہ بولی 19/05/2022 کو ہوگی اور اگر اس تاریخ کو بھی بولی نہ ہوسکی تو سہ بارہ بولی مورخہ 20/05/022 کو ہوگی۔ اس کے لیے کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

لاہور کینٹ